عاشور کے دن شہ کو کیا کیا نظر آتا ھے

عاشور کے دن شہ کو کیا کیا نظر آتا ھے
زھراء کا چمن سارا اُجڑا نظر آتا ھے

مھندي ھے نہ شربت ھے کس طرح کي غربت ھے
دولھے کا لھو سے تر سھرا نظر آتا ھے

آخر کو کٹے بازو مشکیزہ ھوئي چھلني
جلتي ھوئي ریتي پر سقّاء نظر آتا ھے

بے شیر کي تربت تو مولیٰ نے بنا ڈالي
پر آنکھوں میں بچّے کا جھولا نظر آتا ھے

کیا دیکھتي ھے منظر زینب درِ خیمے سے
لاکھوں ھیں عدو تنھا بھیّا نظر آتا ھے

مولیٰ نے جھکایا سر ظالم نے رکھا خنجر
پیاسے کا گلا تن سے کٹتا نظر آتا ھے

جب کرتے ھیں ماتم ھم تو پیشِ نظر اپنے
برھانِ ھُدیٰ شہ کا چھرہ نظر آتا ھے